22/03/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں مسرت شاہ

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر راجیو رَنجن سنگھ کا ماہی پروری ترقیاتی منصوبے کے لیے 111 کروڑ 66 لاکھ روپے کی مرکزی رقم جاری کرنے پر شکریہ ادا کیا ہے۔

لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ رواں مالی سال میں دس کروڑ روپے کی پہلی قسط جاری کی گئی ہے اور بقیہ رقم استعمال کے بعد فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کے لیے
پ

رعزم ہے۔±

LG ملاقات

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے کل مختلف سیاسی، سماجی اور عوامی وفود نے ملاقات کی اور عوامی اہمیت کے متعدد مسائل پیش کیے۔

جموں و کشمیر پردیش کانگریس کمیٹی کے ایک وفد نے، جس کی قیادت رَمن بھلا کر رہے تھے، عوامی مسائل کو اجاگر کرتے ہوئے ان کے فوری حل پر زور دیا۔

اسی دوران بی جے پی او بی سی مورچہ کے ایک وفد نے، صدر Braham Jyot Satti کی قیادت میں، لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی اور مختلف سماجی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

سابق ایم ایل سی اور سینئر بی جے پی رہنما Murtaza خان نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

سنگھ کر رہے تھے، نے بھی اپنے علاقے Jasvir ادھمپور سے ایک عوامی وفد، جس کی قیادت کے مسائل پیش کیے۔

Based اس کے علاوہ جموں کشمیر شَرنارتھی ایکشن کمیٹی، بھارتیہ مزدور سنگھ اور آل جموں ایسوسی ایشن کشمیر سمیت مختلف تنظیموں کے نمائندوں Reserve Category Employees نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کر کے اپنے مطالبات اور مسائل پیش کیے۔

لیفٹیننٹ گورنر نے وفود کو یقین دلایا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے مو

ثر اقدامات کیے جائیں گے۔ؔ

WALKATHON

کے تحت "بھارت ایک Responsibility Initiative تاج گروپ آف ہوٹلز کے کمرشل سوشل ساتھ " عنوان کے تحت ملک کے مختلف حصوں میں واکاتھان کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔ اس حوالے سے آج سرینگر کے ڈل جھیل کے مضافات میں بھی اس طرح کے واکاتھان کا اہتمام کیا Co-ordinator گیا جو آج صبح آٹھ بجے تاج ڈل ویو سے شروع ہو گئی ۔ تاج ووانتا ہوٹل کی اروج نثار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو اس واکاتھان کے حوالے سے جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ یہ واکاتھان ٹولپ گارڈن سے ہوتے ہوئے واپس تاج ڈل ویو پر اختتام پذیر ہو گی ۔ اس Nutrition expertواکاتھان کو ممبئی میں مقیم سپورٹس ، سائنس اینڈ

نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ اس واکاتھان میں سینکڑوں افراد شرکت کر Rujuta Diwekar رہے ہیں جن میں تاج ہوٹل کے ملازمین کے علاوہ زندگی کے کئی شعبوں سے جُڑی خاص شخصیات بھی شامل ہیں۔

پرگتی سکیم

مرکزی سرکار کی پرگتی سکیم کا بنیادی مقصد تکنیکی تعلیم حاصل کرنے والے با صلاحیت نوجوانوں خاص طور سے لڑکیوں کو مالی امداد فراہم کرکے ،انہیں معاشی طور با اختیار بنانا ہے۔ اس سکیم کے تحت انجینئرنگ اور تکنیکی شعبوں میں لڑکیوں کی شرکت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ جموں کشمیر میں اس سکیم کے حوالے سے پیش رفت کے بارے میں جب آکاشوانی نیوز سرینگر نے معروف ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب سے بات کی تو انہوں نے کہا ۔

--(Byte)--

SKIMS

وادی کے تمام میڈیکل کالجوں میں ریفرل ٹیرشری کئیر کو شروع کرنے کے لئے شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈکل سائنسز صورہ کی طرف سے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ اس حوالے سے سکمز صورہ تمام میڈیکل کالجوں میں اپنی ٹیمیں روانہ کر رہا ہے ۔ اس تعلق سے انسٹیچوٹ کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--(Byte)--

جنگلات

جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ اور ماحولیات کے توازن میں ایک اہم اور خاص ربط ہے جس کی اہمیت کو اجاگر کر ناہر شخص کی اہم ترجیحات میں شامل ہونا چاہئے ۔

کل جنگلات کا بین الاقوامی دن منایا گیا اس دن کی اہمیت کو اجا گر کرتے ہوئے آکاشوانی نیوز سرینگر نے جب چیف کنزر ویٹر آف فارسٹس کشمیر عرفان رسول وانی سے بات کی ، تو انہوننے کہا۔

V/o---Irfan Rasool

یہ دن شجر کاری کے عالمی دن کے طور پر بھی منایاجاتا ہے، جو جنگلات کو تحفظ دینے سے متعلق انسانی عزم کو ظاہر کرتاہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت3 اعشاریہ6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ6ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ